ویکیپیڈیا

پیالہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

آزاد دائرۃ المعارف، ویکیپیڈیا سے

القدح الشریف یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیالہ مبارکہ جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی نوش فرمایا تھا منتقل ہوتے ہوتے آج استنبول (ترکی) کے مشہور زمانہ طوپ قاپی میوزیم کی زینت بنا ہوا ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام کے سقیفہ بنی ساعدہ سے گزرتے ہوئے کچھ دیر کے لیے آرام فرما ہوئے اور حضرت سہل بن سعد سے فرمایا کہ اے سہل ! ہمیں پانی پلاؤ۔ حضرت سہل کے پاس مٹی کا ایک پیالہ تھا جس میں انہوں نے سرکار دوعالم نور مجسم کو پانی پیش کیا۔جسے بعد میں انہوں نے تبرکا محفوظ کر لیا کیونکہ اس پیالہ مبارکہ پر سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہونٹ مس ہوئے تھے۔بعد میں حضرت سہل نے یہ پیالہ مبارکہ حضرت عمر بن عبد العزیز کی درخواست پر انہیں ھدیہ کر دیا تھا۔(1)

حوالہ جات

سفر نامہ زیارات ترکی، افتخار احمد حافظ قادری، 2013ء، صفحہ نمبر 33 و 34